**PRL**

# PAKISTAN REFINERY LIMITED
KORANGI CREEK ROAD, KARACHI

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان ریفائنری لمیٹڈ (''کمپنی'') کے شیئر ہولڈرز کا 56 واں اجلاسِ عام بروز پیر 24 اکتوبر 2016، صبح 10:30 بجے، بمقام میریٹ ہوٹل، کراچی میں درجِ ذیل کاروبار کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا:

## الف۔ عمومی کاروبار

1۔ 30 جون 2016 کو ختم شدہ سال کے لیے آڈٹ شدہ حسابات اور اس کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، ان پر غور اور منظوری۔

2۔ آئندہ سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز، میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہلیت کی بنیاد پر خود کو دوبارہ انتخاب کے لیے پیش کیا ہے۔

3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 30 جون 2016 کو ختم شدہ سال کے لیے کمپنی کے عمومی شیئرز پر 0.31 روپے فی شیئر یا 3.1 فیصد کے کیش ڈیویڈنڈ کی منظوری اور اعلان۔

## ب۔ خصوصی کاروبار

4۔ درج ذیل خصوصی قراردادوں پر غور کرنا اور موزوں قرار پانے پر منظور کرنا تا کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے ذریعے ممبران کو اختیار دیں کہ وہ الیکٹرونک ذرائع سے اپنی ووٹنگ کا حق استعمال کرسکیں، جیسا کہ وقتاً فوقتاً ترمیم کردہ کمپنیز کے (ای-ووٹنگ) 2016 ضابطوں کی جانب سے سفارش کردہ ہے:

- " قرار پایا کہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 28 اور دیگر قابل اطلاق ضابطوں، اگر کوئی ہوں، اور کسی بھی دیگر قانون (قوانین) کے مطابق، ایک نئے آرٹیکل 34-A کو آرٹیکل 34 کے فوری بعد شامل کیا جائے؛

" 34-A - آرٹیکل 34 کے تحت ممبران کو دیئے گئے ووٹنگ کے اختیارات کے علاوہ، کمپنی ممبران کو ای-ووٹنگ کا اختیار بھی دیتی ہے یعنی ممبران لاگو حالیہ ضابطوں کے تحت الیکٹرونک ذریعے سے ووٹ دے سکتے ہیں۔"

- مزید قرار پایا کہ آرٹیکلز آف کمپنی کے آرٹیکلز 37، 40 اور 42(5) میں ترمیم کر کے درج ذیل طور پر پڑھا جائے:

"37- ہاتھ اٹھا کر گنتی کے موقع پر ہر ممبر جو ذاتی طور پر یا بذریعہ پراکسی موجود ہو اس کا ایک ووٹ شمار ہوگا اور رائے شماری کے موقع پر ہر ممبر جو ذاتی طور پر یا بذریعہ پراکسی یا بذریعہ الیکٹرونک طریقے سے موجود ہو تو ہر ممبر یا اس کے پراکسی کو ہر ایک شیئر کے لیے ایک ووٹ ملے گا۔ جبکہ ڈائریکٹرز کے انتخاب یا برطرفی کی صورت میں، آرڈیننس کے ضابطوں کے مطابق ووٹنگ ہوگی۔"

"40- انتخاب کے موقع پر یا الیکٹرونک طریقہ استعمال کرنے پر، ووٹس ذاتی طور پر یا پراکسی کی جانب سے دیئے جاسکتے ہیں۔"

42(5)۔ پراکسی کی نامزدگی کی دستاویز درج ذیل طریقہء کار یا ڈائریکٹرز کی جانب سے منظور کردہ کسی بھی دوسرے طریقہء کار کے مطابق ہوسکتی ہے:

" پاکستان ریفائنری لمیٹڈ "

آپشن 1
کسی دوسرے فرد کی بطور پراکسی نامزدگی

میں / ہم ______ ولد / خاوند ______ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ______
پاکستان ریفائنری لمیٹڈ کا ممبر ہوں اور رجسٹرڈ فولیو نمبر ______ کے تحت ______ (شیئرز کی تعداد) کلاس ______
آرڈینری شیئرز کی تحویل رکھتا ہوں اور بذریعہ ہٰذا جناب / محترمہ ______
والد / خاوند ______ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ______ کو اپنا پراکسی نامزد کرتا ہوں کہ وہ میری / ہماری جانب سے کمپنی کے (سالانہ یا غیر معمولی اجلاس میں ووٹ دیں یا جو بھی صورت ہو) جو کہ ______
کو یا التوا کی صورت میں کسی بھی دیگر وقت مقررہ پر منعقد ہوگا۔
آج بتاریخ ______ کو دستخط کیا گیا۔

______
ممبر کا دستخط
(یہ دستخط کمپنی کے پاس رجسٹر شدہ دستخط کے جیسا ہونا چاہیئے)
درج ذیل گواہان کی موجودگی میں دستخط کیا گیا:

______ گواہ نمبر 1 کا دستخط ______ گواہ نمبر 2 کا دستخط

آپشن 2
کمپنیز (ای-ووٹنگ) 2016 ضابطوں کے مطابق ای-ووٹنگ

میں / ہم ______ ولد / خاوند ______ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ______
پاکستان ریفائنری لمیٹڈ کا ممبر ہوں اور رجسٹرڈ فولیو نمبر ______ کے تحت ______ (شیئرز کی تعداد) کلاس ______
آرڈینری شیئرز کی تحویل رکھتا ہوں اور بذریعہ ہٰذا ثالث کے ذریعے ای-ووٹنگ کا انتخاب کرتا ہوں اور بذریعہ ہٰذا ______
ایگزیکیوشن آفیسر کو بطور پراکسی نامزد کرتا ہوں اور یہ کمپنیز (ای-ووٹنگ) 2016 ضابطوں کے تحت ای-ووٹنگ انجام دیں گے اور بذریعہ ہٰذا قراردادوں کے لیے انتخاب کا مطالبہ کریں گے، میرا / ہمارا محفوظ ای میل ایڈریس ______ ہے، برائے مہربانی مجھے / ہمیں ای میل کے ذریعے لاگ ان تفصیلات، پاس ورڈ اور الیکٹرونک دستخط فراہم کریں۔

______
ممبر کا دستخط
(یہ دستخط کمپنی کے پاس رجسٹر شدہ دستخط کے جیسا ہونا چاہیئے)
درج ذیل گواہان کی موجودگی میں دستخط کیا گیا:

______ گواہ نمبر 1 کا دستخط ______ گواہ نمبر 2 کا دستخط

- مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکریٹری کو بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے لیے تمام لازمی اور ضروری اقدامات، کارروائیاں انجام دیں بشمول کمپنیز کے رجسٹرار کو تمام مطلوبہ دستاویزات / باضابطہ فارمز فراہم کرنا اور دیگر تمام قانونی ضابطوں پر عملدرآمد یقینی بنانا تا کہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم کو موثر بنانے کے علاوہ مذکورہ بالا قرارداد کو لاگو کرنا۔"

5۔ یہ غور کرنا کہ شیئر ہولڈرز کو سالانہ آڈٹ شدہ حسابات ہارڈ کاپیز کی شکل میں بھیجنے کے بجائے CD/DVD/USB کے ذریعے بھجوائے جائیں۔ جبکہ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ پر عمومی درخواست فارم مہیا کیا جائے گا تا کہ سالانہ آڈٹ شدہ حسابات کی ہارڈ کاپیز (کتابی شکل میں) اپنے رجسٹرڈ پتوں پر وصول کرنے کی درخواست دی جا سکے۔

- " قرار پایا کہ سیکیورٹیز اینڈ کمیشن آف پاکستان کے SRO No. 470(I)2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کے مطابق شیئر ہولڈرز کو سالانہ آڈٹ شدہ حسابات سے متعلق معلومات سافٹ شکل یعنی CD/DVD/USB کی شکل میں فراہم کئے جانے کو بذریعہ ہٰذا منظور کیا جاتا ہے۔"

## ج۔ دیگر کاروبار

6۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس کے روبرو پیش ہونے والے کسی دیگر کاروبار کی کارروائی۔

حسب الحکم بورڈ
شہزادامین اللہ
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 30 ستمبر 2016

### نوٹس:

1۔ ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس، ممبران کا رجسٹر اور دیگر قانونی دستاویزات پر متعلقہ ممبر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر کا اندراج لازمی ہے، جو کہ SECP کی ہدایات بشمول دیگر SRO No. 831(1)/2012 مؤرخہ 5 جولائی، 2012 اور SRO No. 19(1)/2014 مؤرخہ 10 جنوری، 2014 کے تحت ہے۔ لہٰذا ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی ایک کاپی (اگر پہلے فراہم نہیں کی ہے) ہمارے شیئر رجسٹرارز کو جلد از جلد فراہم کردیں۔ بصورتِ دیگر کمپنی، کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 251(2)(a) کے تحت کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپیاں فراہم نہ کرنے والے ممبران کو ڈیویڈنڈ وارنٹس کی ترسیل روک دینے کی پابند ہوگی۔

2- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 18 اکتوبر 2016 تا 24 اکتوبر 2016 (بشمول دونوں دِن) تک بند رہیں گی اور اس عرصے میں شیئرز کا کوئی ٹرانسفر رجسٹریشن کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔ بتاریخ 17 اکتوبر 2016 کاروباری دن کے اختتام کار تک جو ٹرانسفرز، کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر میں باضابطہ موصول ہوں گے انہیں سالانہ اجلاس عام کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔ رجسٹرار کا پتہ: 8-F، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی۔

3- تمام ممبران/شیئر ہولڈرز اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں۔ ممبر اپنی جگہ کسی پراکسی کا تقرر بھی کرسکتا ہے، جو لازمی نہیں ہے کہ کمپنی کا کوئی ممبر ہو۔

4۔ ممبران کو بھیجی جانے والی اجلاس کی اطلاع کے ہمراہ ایک پراکسی فارم منسلک شدہ ہے۔

5۔ حسب ضابطہ پراکسی کے مکمل شدہ فارم اور اس کے تحت دستخط شدہ دیگر اختیار یا نوٹری سے تصدیق شدہ ایک نقل کمپنی سیکریٹری کے پاس کمپنی کے رجسٹرڈ آفس (پی او بکس نمبر 4612، کورنگی کریک روڈ، کراچی، 75190، پاکستان) میں مقررہ اجلاس سے 48 گھنٹے قبل جمع کرانا ضروری ہے۔

6۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت منافع منقسمہ سے ٹیکس کی کٹوتی:

الف۔ یکم جولائی 2015 سے نافذ فنانس ایکٹ 2015 کے ضابطوں کے مطابق منافع منقسمہ کی ادائیگی پر لاگو انکم ٹیکس کی شرح میں درج ذیل کے مطابق ترمیم ہوئی ہے:

i۔ انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلرز کے لیے: 12.5 فیصد

ii۔ انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان-فائلرز کے لیے: 20 فیصد

اُن تمام شیئر ہولڈرز، جن کے نام FBR کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں شامل نہیں کیے گئے ہیں، (جبکہ وہ فائلرز ہیں) سے درخواست ہے کہ وہ اپنے ناموں کا اندراج ATL میں یقینی بنائیں، بصورتِ دیگر اُن کے نقد منافع منقسمہ پر ٹیکس کی کٹوتی 12.5 فیصد کے بجائے 20 فیصد کی شرح سے کی جائے گی۔

ب۔ منافع منقسمہ کی آمدنی پر ودہولڈنگ ٹیکس کی چھوٹ صرف اسی صورت میں ہوگی، اگر ہمارے رجسٹرارز کو کتابوں کی بندش کے پہلے دن تک باضابطہ ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی کاپی موصول ہو جائے۔

ج۔ مزید یہ کہ، فیڈرل بورڈ آف ریوینیو سے موصول شدہ وضاحت کے مطابق، پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر(ز) کے "فائلر / نان فائلر" اسٹیٹس پر اور اُن کے شیئر ہولڈنگ تناسب / حصوں پر ودہولڈنگ ٹیکس علیحدہ متعین کیا جائے گا۔

اس حوالے سے جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئرز رکھنے والے ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنی تحویل میں موجود شیئرز سے متعلق پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ تناسب (اگر پہلے نہ فراہم کئے ہوں) ہمارے رجسٹرارز کو تحریری طور پر درج ذیل کے مطابق فراہم کریں:

| کمپنی کا نام | فولیو/CDS اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |

مطلوبہ معلومات ہمارے رجسٹرارز کو اس اطلاع کی اشاعت سے 10 دن کے اندر موصول ہونی چاہیئے بصورت دیگر تصور کیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر(ز) کی تحویل میں مساوی شیئرز موجود ہیں۔

د۔ CDC اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے متعلقہ شرکاء کو اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے NTN سرٹیفکیٹس کی کاپی کمپنی کو یا فیمکو (FAMCO) ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کو بھیجیں۔ اپنے NTN یا NTN سرٹیفکیٹس ارسال کرتے وقت جو بھی صورت ہو، شیئر ہولڈرز کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز لازمی طور پر درج کریں۔

7۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی ہدایت بذریعہ سرکلر نمبر 18 بتاریخ 5 جون، 2012 کی تعمیل میں آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 250 کے تحت، اگر شیئر ہولڈر چاہے تو کمپنی اس کی ہدایت پر منافع منقسمہ کی ادائیگی اس کے بینک اکاؤنٹ کے ذریعے کرسکتی ہے۔

مزید برآں، شیئرز کے منتقل الیہان ترمیم شدہ "ٹرانسفر ڈیڈ کے فارم" کے ذریعے ڈیویڈنڈ مینڈیٹ استعمال کرسکتے ہیں۔ اس ترمیم شدہ ٹرانسفر ڈیڈ کے فارم کے ذریعے منتقل الیہان براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹس میں نقد منافع منقسمہ وصول کرسکتے ہیں، اس کے لئے منتقل الیہان کو نقد منافع منقسمہ کی وصولی کے لئے اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیل فراہم کرنا ہوگی۔

فزیکل شیئر کی تحویل رکھنے والے شیئر ہولڈرز اپنا ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم ہمارے شیئر رجسٹرارز کو جمع کروائیں، جبکہ سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی میں شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز اپنے شرکاء/انویسٹرا کاؤنٹ سروسز کو اپنے ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم جمع کروائیں۔

8۔ SECP نے نوٹیفکیشن SRO 787(I)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے ذریعے کمپنی کے ممبران کو بذریعہ ای میل آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹ بمع سالانہ اجلاس عام کی اطلاع کا نوٹس بھیجنے کی اجازت دی ہے۔ لہٰذا ایسے تمام ممبران جو بذریعہ ای میل یہ سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی رضامندی اور ای میل ایڈریس ہمیں بھیجیں۔ یہ سہولت حاصل کرنے کے لیے ایک عمومی درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ http://www.prl.com.pk پر دستیاب ہے۔

9۔ ممبران کے پتے میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی سے متعلق فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-F، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کو مطلع کیا جائے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل تجویز کردہ ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

الف۔ اجلاس میں شرکت کے لیے:

i۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد وضوابط کے مطابق اپ لوڈ شدہ (مندرج) ہیں وہ اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ پیش کریں گے۔

ii۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نامزد فرد کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اجلاس کے وقت پیش کریں گے (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کئے گئے ہیں)۔

ب۔ پراکسیز کے تقرر کے لیے:

i۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ شدہ (مندرج) ہیں وہ مندرجہ بالا ضابطے کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

ii۔ پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی لازمی ہے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج کئے جائیں گے۔

iii۔ بینیفیشل مالکان اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائیں گی۔

iv۔ پراکسی اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کریں گے۔

v۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، بمع نامزد فرد (جو کارپوریٹ ادارے کی جانب سے اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا مجاز ہو) کے دستخط کا نمونہ، پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو جمع کروانا لازمی ہے۔

## کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 160 (1) (B) کے تحت اسٹیٹمنٹ جو خصوصی کاروبار سے متعلق ہے۔

یہ اسٹیٹمنٹ سالانہ اجلاس عام میں انجام دیئے جانے والے خصوصی کاروبار سے متعلق ٹھوس حقائق واضح کرتا ہے:

الف۔ ایجنڈے کے آئٹم نمبر 4 سے متعلق آئٹم۔ ای-ووٹنگ سے متعلق آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم کی جارہی ہیں تا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے حالیہ اعلان کردہ کمپنیز (ای-ووٹنگ) 2016 ضابطوں کے تقاضوں پر عملدرآمد کیا جائے۔ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تجویز کردہ ترامیم سالانہ اجلاس عام کی اطلاع میں درج قرارداد میں شامل ہیں۔

ب۔ ایجنڈے کا آئٹم نمبر 5۔ شیئر ہولڈرز کو سالانہ آڈٹ شدہ حسابات کے متعلق معلومات CD/DVD/USB کے ذریعے بھجوانا۔

سالانہ آڈٹ شدہ حسابات، ہارڈ کاپیوں کی بجائے CD/DVD/USB کے ذریعے بھجوانے سے متعلق SECP کی ہدایات پر عملدرآمد کے سلسلے میں، شیئر ہولڈرز کے اتفاق رائے کے لیے قرارداد اس اطلاع کا حصّہ ہے تا کہ ترسیل کے نئے متعارف کردہ طریقہء کار کو اختیار کیا جائے۔